Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 — پیر، 9 ستمبر 2024ء، 4 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 159

پی ٹی آئی کو جلسے سے متعلق فیک ویڈیوز شیئر کرنا پڑیں، عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما جلسے سے متعلق حسب معمول فیک ویڈیوز اور تصویریں شیئر کر رہے ہیں، لوگوں کی تعداد کو بڑھا چڑھا کر پیش کر رہے ہیں

پنجاب کی پی ٹی آئی قیادت جلسے میں لوگ لے جانے کے لیے تیار ہی نہیں، اس لیے پنجاب کی تمام سڑکیں خالی ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات کا بیان

خصوصی انسداد پولیو مہم، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے جلسے سے متعلق فیک تصویر شیئر کرنے پر سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ انہوں نے کشمیر کی 14 اگست کے موقع کی ویڈیو شیئر کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پی ٹی آئی کے جلسے کی فیک پوسٹیں (بقیہ نمبر 1)

اسپیکر کا عفان سلمان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

پاکستانی ایتھلیٹ عفان سلمان کو ورلڈ یوتھ اسکریبل چیمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد

عفان سلمان کی کامیابی نوجوانوں کیلئے مشعل راہ ہے، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی 16 سالہ پاکستانی ایتھلیٹ عفان سلمان کو ورلڈ یوتھ اسکریبل چیمپئن شپ جیتنے پر مبارکباد۔ اسپیکر کا عفان سلمان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار۔ نوجوان ایتھلیٹ عفان سلمان کا ورلڈ یوتھ (بقیہ نمبر 2)

فتنہ الخوارج کا حملہ ناکام، 4 دہشتگرد مارے گئے

علاقے کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لیے فورسز کا آپریشن جاری ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے ایف پی) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع مہمند میں کامیاب کارروائی کے دوران 4 خارجی خودکش بمبار دہشت گردوں کو ہلاک کرکے فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) ہیڈکوارٹرز مہمند پر حملے کی کوشش کی بنا (بقیہ نمبر 5)

پولی تھین بیگز کے استعمال کے خلاف مہم ناکام

صوبہ بھر میں حکومتی پابندی کے باوجود 75 مائیکرون سے کم حجم کے پولی تھین بیگز اور سنگل یوز پلاسٹک کے برتنوں کا استعمال

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی پولی تھین بیگز کے استعمال کے خلاف مہم ناکام ہوگئی، صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں حکومتی پابندی کے باوجود 75 مائیکرون سے کم حجم کے پولی تھین بیگز اور سنگل یوز (بقیہ نمبر 4)

پاک بحریہ کے افسر اور جوان ہمارا فخر ہیں، محسن نقوی

1965 کی جنگ میں پاک بحریہ کے ناقابل فراموش کردار کو سنہری حروف سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، یوم بحریہ پر خصوصی پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سمندری سرحدوں کی حفاظت کرنے والے پاک بحریہ کے افسر اور جوان ہمارا فخر ہیں، 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ کے ناقابل فراموش کردار کو سنہری حروف (بقیہ نمبر 3)

سکول سے باہر رہ جانے والے بچوں کی تعلیم کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھائینگے، وزیر اعلیٰ پنجاب

سو فیصد خواندگی کا ہدف حاصل کیے بغیر روشن مستقبل کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتے، مریم نواز

خواندگی معیار زندگی کو بہتر اور ترقی کے بے پناہ مواقع فراہم کرتی ہے، نظر انداز طبقات کی بنیادی تعلیم کیلئے درکار وسائل مہیا کیے جا رہے ہیں

صوبہ بھر میں سکول سے باہر رہ جانے والے بچوں کی تعلیم کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے، وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف کا عالمی یوم خواندگی پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں سکول سے باہر رہ جانے والے بچوں کی تعلیم کے لئے ہر ممکن اقدام کریں گے، معاشرے کے نظرانداز طبقات کی بنیادی تعلیم کے لئے درکار وسائل مہیا کیے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے عالمی یوم خواندگی پر اپنے پیغام میں کہا کہ عالمی یوم خواندگی پر آج سب کو پڑھانے کے عزم کا اعادہ دہراتے ہیں۔ دین اسلام علم حاصل کرنے پر زور دیتا ہے اور قرآن مجید میں (بقیہ نمبر 13)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں، سیکرٹری اطلاعات و ڈی جی پی آر ڈاکٹر شہنشاہ عظیم بھی موجود ہیں

دفاع وطن میں پاک بحریہ کے کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، مریم نواز

پاکستان کی سمندری حدود کی حفاظت کرنے والے پاک بحریہ کے افسر اور جوان ہمارا فخر ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ دفاع وطن میں پاک بحریہ کے کردار کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پاکستان کی سمندری حدود کی حفاظت پر مامور پاک (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعلیٰ سڑک کنارے ڈھابے پر گاڑی روک لی، چارپائی پر بیٹھ کر چائے پی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے ڈی جی خان سے لاہور آتے ہوئے چائے کے ڈھابے پر گاڑی روک لی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے شہریوں کو خوشگوار سر (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ایک چائے کے ڈھابے پر موجود مقامی لوگوں سے گفتگو کر رہی ہیں

خواندگی کے عالمی دن پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پیغام

تعلیم بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے۔ اسپیکر تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے

پاکستان کی پارلیمان نے ملک میں خواندگی کی شرح میں فروغ کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) خواندگی کے عالمی دن پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پیغام۔ تعلیم بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے۔ اسپیکر تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، سردار ایاز صادق پاکستان کی پارلیمان نے ملک میں خواندگی کی شرح میں فروغ کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں۔ اسپیکر آئین پاکستان کے تحت 5 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کو مفت تعلیم تک رسائی (بقیہ نمبر 19)

8 ستمبر کا دن ہماری دفاعی تاریخ کا درخشاں باب ہے

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اسپیکر کا پاک بحریہ کے 1965ء کی جنگ کے شہیدوں اور غازیوں کو خراج عقیدت

ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں بحری، فضائی اور بری افواج کا کردار قابل تحسین ہے، یوم بحریہ پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا یوم بحریہ پر پیغام 8 ستمبر کا دن ہماری دفاعی تاریخ کا درخشاں باب ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا پاک بحریہ کے 1965ء کی جنگ کے شہیدوں اور غازیوں کو خراج عقیدت۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا 1965ء پاک بھارت جنگ کے دوران ملکی سمندری حدود کے شاندار دفاع کرنے پر پاک بحریہ کے افسروں اور (بقیہ نمبر 8)

بحریہ کی مستقل مزاجی ان کی فرض شناسی اور وطن سے محبت کا ثبوت ہے، وزیر اعظم

یوم بحریہ پر پاکستان بحریہ کے تمام اراکین کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے یوم بحریہ پر خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بحریہ کی مستقل مزاجی فرض شناسی کا ثبوت ہے۔ شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم بحریہ پر پاکستان بحریہ کے تمام اراکین کو دلی (بقیہ نمبر 20)

سربراہ پاک فضائیہ کی دورہ ترکیہ کے دوران ترک صدر اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں

ترک صدر جناب رجب طیب اردگان سے ملاقات کی۔ انقرہ آمد پر ترک صدر نے صدارتی کمپلیکس انقرہ میں ائیر چیف کا پرتپاک استقبال کیا

ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے دونوں ممالک کی یکساں اقدار اور باہمی شراکت داری کے عزم کو اجاگر کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سربراہ پاک فضائیہ، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے ترکیہ کے حالیہ دورے کے دوران ترک صدر جناب رجب طیب اردگان سے ملاقات کی۔ انقرہ آمد پر ترک صدر نے صدارتی کمپلیکس انقرہ میں ائیر چیف کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران سربراہ پاک فضائیہ نے دونوں ممالک کی یکساں اقدار اور باہمی شراکت داری کے عزم کو اجاگر کیا اور دونوں ممالک کے مابین لازوال بھائی چارے کے مظہر ہیں۔ انہوں نے ترکیہ کے ساتھ دوطرفہ عسکری اور فضائی تعاون، بالخصوص دفاعی پیداوار اور نیکسٹ جنریشن ایرو اسپیس ٹیکنالوجی میں (بقیہ نمبر 23)

آپریشنل مسائل کے باعث 4 پروازیں منسوخ، 6 تاخیر کا شکار

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) کے آپریشنل مسائل کے باعث کوئٹہ، لاہور اور کراچی کی 4 پروازیں منسوخ جبکہ 6 پروازیں تاخیر کا شکار ہیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کوئٹہ سے لاہور کی پی آئی اے کی پروازیں پی کے 322 اور 323 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ لاہور سے کراچی کی پی آئی اے کی پروازیں پی (بقیہ نمبر 9)



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ایک شخص کو بجلی کے بل میں دیے گئے ریلیف کے بارے میں بتا رہی ہیں

سربراہ پاک فضائیہ، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو ترک کی صدر رجب طیب اردگان سے ملاقات

محکمہ آرکیالوجی کی زیرنگرانی ٹیکسلا میوزیم میں نوادرات کی ڈیجیٹلائزیشن کی جا رہی ہے

ایف بی آر کا آئرس سسٹم اپنی پوری استعداد سے کام نہیں کر رہا، لاہور ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کا آئرس سسٹم اپنی پوری استعداد سے کام نہیں کر رہا جس کی وجہ سے ٹیکس دہندگان اور ٹیکس پریکٹیشنرز ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں۔ ایس آر او 350 اور فنانس ایکٹ 2024 کو سسٹم کے ساتھ درست طریقے سے لنک نہیں کیا (بقیہ نمبر 21)

پی ٹی آئی کے جلسے کے پیش نظر میٹرو بس سروس بند

اسلام آباد ایکسپریس وے مختلف مقامات پر بند، شہریوں کو مشکلات

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے سنگجانی میں پی ٹی آئی کے جلسے کے پیش نظر میٹرو بس سروس مکمل بند کردی گئی۔ میٹرو بس انتظامیہ کے مطابق میٹرو بس سروس راولپنڈی صدر اسٹیشن سے پاک سیکرٹریٹ تک بند کی گئی ہے۔ پی ٹی آئی کے جلسے کے پیش نظر (بقیہ نمبر 22)

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو رول ماڈل بنانے کیلئے تیز رفتار انقلابی اقدامات

منصوبہ کے تحت عوامی مشغولیت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک رسائی کی اختراعی خصوصیات کو بہتر بنایا گیا ہے

پروجیکٹ انتظامی عمل کو مضبوط بنانے پر توجہ، مالیاتی انتظام، فائل مینجمنٹ، اور حاضری کی نگرانی کو ڈیجیٹائز کرنے پر مرکوز

پراجیکٹ انسانی سرمائے اور پائیدار ترقیاتی کے اہداف کے حصول کے ساتھ منسلک

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کو جدید، موثر عوامی خدمات کی فراہمی کے ماڈل میں تبدیل کرنے کے خواب کی تعبیر ممکن

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے کہا ہے کہ پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو رول ماڈل بنانے کیلئے تیز رفتار انقلابی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ بہبود آبادی کے ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کر کے (بقیہ نمبر 10)

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

25، 40 ہزار والے رجسٹرڈ پریمیم بانڈز کی قرعہ اندازی 10 ستمبر کو ہوگی

200 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 16 ستمبر کو شیڈول

لاہور (این این آئی) 25 ہزار اور 40 ہزار مالیت کے رجسٹرڈ پریمیم انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 10 ستمبر جبکہ 200 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 16 ستمبر کو ہوگی۔ 200 روپے مالیت کے بانڈز کا پہلا انعام 7 لاکھ 50 ہزار روپے کا (بقیہ نمبر 15)

صوبے میں ڈینگی کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا

گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ میں ڈینگی کے 27 کیسز رپورٹ ہوئے

لاہور (این این آئی) صوبے میں ڈینگی کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا، گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ میں ڈینگی کے 27 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی سے 19، لاہور، چکوال سے 2،2، بہاولپور، ملتان، مظفرگڑھ اور (بقیہ نمبر 16)

پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کو خراج تحسین

پاک بحریہ نے ہمیشہ بے مثال جرات، عزم، اور پیشہ ورانہ مہارت سے ہماری سمندری سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بنایا ہے

پاک۔بھارت جنگ میں پاک بحریہ کی شجاعت اور پیشہ ورانہ مہارت قوم کے لیے ہمیشہ فخر کا باعث رہے گی، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید میر غلام مصطفیٰ شاہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید میر غلام مصطفیٰ شاہ کا 1965 کی پاک بھارت جنگ میں پاک بحریہ کے شہید جوانوں اور غازیوں کو خراج عقیدت ڈپٹی اسپیکر کا پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کو خراج تحسین۔ پاک بحریہ نے ہمیشہ بے مثال جرات، عزم، اور پیشہ ورانہ مہارت سے ہماری سمندری سرحدوں کی حفاظت کو یقینی بنایا ہے، ڈپٹی اسپیکر 1965 کی جنگ میں پاک بحریہ نے اپنی جرات، پیشہ ورانہ مہارت، اور عزم کا شاندار مظاہرہ کیا، ڈپٹی اسپیکر پاک بحریہ کی جانب سے کیے گئے اسٹریٹجک اور (بقیہ نمبر 14)

یوم بحریہ ملی جوش و جذبے سے منایا گیا، جوانوں کو خراج تحسین

بری اور فضائی محاذوں کے ساتھ ساتھ بحری محاذ پر بھی دشمن کو دھول چٹائی

کراچی (این این آئی) سمندری حدود کے نگہبانوں کو سلام، ملک بھر میں یوم بحریہ اتوار کو ملی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ 8 ستمبر پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے 1965 کی جنگ میں بری اور فضائی افواج کے ساتھ وطن کا دفاع کا فریضہ بھرپور طریقے سے انجام دیا لیکن 8 ستمبر کا دن پاک بحریہ کے نام رہا۔ طیارہ بردار جہاز نہ ہونے کے باوجود پاک بحریہ نے اس جنگ میں بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کی نئی تاریخ رقم کی۔ 1965ء کو جب رات کی تاریکی میں بھارتی فوج نے پاکستان پر شب خون مارنے کی مذموم کوشش کی تو پاک (بقیہ نمبر 11)

نویں جماعت کے طالبعلم کو دوستوں نے زیادتی کے بعد قتل کر ڈالا

اٹک (این این آئی) اٹک میں نویں جماعت کے طالبعلم کو اس کے دوستوں نے زیادتی کا نشانہ بنائے جانے کے بعد قتل کر دیا اور لاش ڈیم میں پھینک دی۔ پولیس کے مطابق طالبعلم محمد ہاشم عباس کو اس کے دوستوں نے زیادتی کے بعد پانی میں ڈبو کر قتل کیا۔ دوستوں کے ہاتھوں قتل ہونے والے بچے کے والد (بقیہ نمبر 12)

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران گرجا گھروں میں سکیورٹی انتظامات چیک کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے جلسہ گاہ کے قریب مشکوک بیگ سے ہینڈ گرینیڈ اور بارودی مواد برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے سنگجانی میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے جلسہ گاہ کے قریب مشکوک بیگ سے ہینڈ گرینیڈ برآمد ہوا ہے۔ اسلام آباد کے علاقے سنگجانی میں پی ٹی آئی آج جلسہ کرے گی، تاہم جلسے سے قبل جلسہ گاہ کے (بقیہ نمبر 25)

دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کیس 11 ستمبر کو سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں چار رکنی بینچ کیس کی سماعت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے دیامر بھاشا اور مہمند ڈیمز فنڈز کیس 11 ستمبر کو سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں چار رکنی بینچ کیس کی سماعت کرے گا، جسٹس عرفان سعادت، جسٹس نعیم اختر، جسٹس شاہد بلال بینچ میں شامل ہیں۔ اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب، چیئرمین این ایچ اے، چیئرمین (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد؛ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 2 ساتھی ہلاک

پولیس ملزمان کو ساتھیوں کی نشاندہی اور برآمدگی کیلئے لیکر گئی، چھڑوانے کیلئے ساتھیوں نے فائرنگ کردی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے علاقے تھانہ شہزاد ٹاؤن میں پولیس کی زیرحراست 2 ڈاکو ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق پولیس دونوں ملزمان کو ساتھیوں کی نشاندہی اور برآمدگی کیلئے لیکر گئی تاہم ملزمان کو چھڑوانے کیلئے ساتھیوں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دونوں ڈاکو ہلاک ہوگئے۔ پولیس اہلکار (بقیہ نمبر 26)

نجی ایئرلائن کا طیارہ پرندہ ٹکرانے سے بڑے حادثے سے بال بال بچ گیا

کراچی (اے ایف پی) کراچی سے اسلام آباد جانے والی نجی ایئرلائن کے طیارے سے پرندہ ٹکرا گیا جو حادثے سے بال بال بچ گیا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق پی اے 208 پرواز سے پرندہ ٹیک آف کے لئے رن وے پر دوڑتے ہوئے ٹکرایا، پرندہ ٹکراتے ہی کپتان نے ایمرجنسی بریک لگادی جس (بقیہ نمبر 27)

کمپریسر کے غیر قانونی استعمال پر 55 کنکشن کاٹ دیئے گئے

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 55 کنکشن منقطع کر دیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 12 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے

ملتان میں 10 غیر قانونی کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 02 کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں 01 کنکشن منقطع کیا گیا

SUI NORTHERN

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کے جاری گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 55 کنکشن منقطع کر دیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 12 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 03 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے۔ ملتان میں 10 غیر قانونی کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 02 کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں 01 کنکشن منقطع کیا گیا اور 20 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ شیخوپورہ میں گیس چوری کے کیسز پر 2 لاکھ 90 ہزار روپے کا جرمانہ عائد ہوا۔ ساہیوال میں 02 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے۔ راولپنڈی میں 02 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 04 کنکشن منقطع کیے گئے۔ پشاور اور کرک میں 04 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے اور 2 لاکھ 76 ہزار روپے کا جرمانہ عائد ہوا۔ مردان میں ٹیم نے 10 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 4 لاکھ روپے کا جرمانہ لگایا۔ گوجرانوالہ میں 02 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 01 کنکشن منقطع کیا گیا اور 2 لاکھ 70 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔

پنجاب: 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 27 کیسز رپورٹ

راولپنڈی سے ڈینگی کے سب سے زیادہ 19 کیسز سامنے آئے ہیں، ترجمان محکمہ صحت

راولپنڈی (این این آئی) پنجاب میں 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 27 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی سے ڈینگی کے سب سے زیادہ 19 کیسز سامنے آئے ہیں۔ اس کے علاوہ لاہور اور چکوال سے بھی ڈینگی (بقیہ نمبر 17)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن منایا گیا

دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن اتوار کو منایا گیا۔ خواندگی کا عالمی دن اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسکو کے تحت ہر سال 8 ستمبر کو منایا جاتا ہے، اس دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر کے کروڑوں ناخواندہ افراد کو تعلیم کی اہمیت (بقیہ نمبر 18)

عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کیخلاف کارروائی کی درخواست پر سماعت کل ہوگی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی فیک ویڈیو کے خلاف کارروائی کی درخواست پر سماعت کل (منگل) کو ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم درخواست پر سماعت کریں گی۔ عدالت نے ایف آئی اے سے پیشرفت رپورٹ طلب کر رکھی ہے۔

ویلنشیا لیڈیز کلب کے زیراہتمام شجرکاری مہم کے سلسلے میں خواتین پودا لگا رہی ہیں

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سول اور عسکری قیادتوں کا عزم صمیم

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مادر وطن کے بہادر سپوتوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دینگے۔ پاکستان کی حفاظت ترقی امن اور خوشحالی ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ گزشتہ روز یوم دفاع کے موقع پر جی ایچ کیو راولپنڈی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے مگر اپنی آزادی خودمختاری اور قومی مفادات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریگا۔ ہم دہشت گردی اور اسکے سہولت کاروں کے مکمل خاتمہ تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔

آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی میزبانی میں منعقدہ اس تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز وفاقی کابینہ کے ارکان وزیراعظم آزاد کشمیر اعلیٰ سول و عسکری حکام ارکان پارلیمنٹ، شہداء کے اہل خانہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی دیگر شخصیات نے بھی شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنی تقریر میں کہا کہ یوم دفاع ہماری قومی شناخت اور عظیم حوالہ ہے۔ یہ دن ہماری اس قومی حمیت کی یاد دلاتا ہے جس سے سرشار ہو کر عظیم قوم نے طاقت کے زعم میں مبتلا دشمن کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیئے تھے اور لاہور جمخانہ میں چائے پینے کا خواب دیکھنے والا دشمن اسلحہ پھینک کر اس سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ فرار ہو گیا تھا۔ ہم عظیم ماؤں کے بہادر بیٹوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جانے دینگے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے قومی پرچم میں سبز اور سفید رنگ مل کر پاکستان بنتا ہے اور ہماری افواج میں یہ دونوں رنگ موجود ہیں۔ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جو اپنے کسی ہمسائے کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا۔

وزیراعظم کے بقول ملک میں جہاں جہاں خوارج موجود ہیں اور جو بھی انکی سہولت کاری کر رہے ہیں ان سب کے مکمل خاتمہ تک افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے اپریشنز جاری رکھیں گے جس کیلئے قومی اتفاق رائے موجود ہے۔ میاں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اظہار رائے کی آزادی جمہوری معاشرے میں ہر شہری کا بنیادی حق ہے ہمیں اس کا پورا احترام ہے۔ مگر اس حق کا استعمال آئین کی حدود میں ہونا لازم ہے۔ ہمارے 77 سال کے تجربات کا یہی آزمودہ سبق ہے کہ گالی یا گولی کسی مسئلے کا حل نہیں ہمیں ملک کیلئے ذاتی مفادات کی قربانی دینی چاہیے۔

اس تقریب میں خطاب کرتے ہوئے چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کا کہنا تھا کہ پاکستانی قوم نے آزمائش میں پاک فوج کے ساتھ مل کر طاغوتی قوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں قربانیوں کا سلسلہ آج بھی جاری ہے جو دہشت گردی کے مکمل خاتمہ تک جاری رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی شہ پر فساد فی الارض برپا کرنے والوں اور انکی معاونت انکے جرائم کا جواز پیش کرنے اور ان کا دفاع کرنے والوں پر آئندہ بھی زمین تنگ رہے گی۔ دہشت گردوں کی حالیہ سرگرمیاں پاکستان کو ناکام بنانے کی سازش ہے مگر ماضی میں بھی قوم اور فوج نے باہمی اتحاد سے ایسے عناصر کو شکست دی تھی۔ وہ بیرونی طاقتوں کو آج بھی باور کرا رہے ہیں کہ عوام اور پاک فوج انکے عزائم اور منصوبے کبھی کامیاب نہیں ہونے دیگی۔ جنرل سید عاصم منیر نے باور کرایا کہ عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں اور ہم مل کر ملک کا دفاع کرتے رہیں گے۔ اس تقریب سے قبل وزیراعظم اور آرمی چیف نے شہداء کی یادگار پر حاضری دی اور پھول چڑھائے۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ قومی اتحاد و یکجہتی ہی ملک کی سلامتی قومی معیشت کے استحکام اور عوام کی خوشحالی کی ضمانت ہے جبکہ ہماری سلامتی کے شروع دن سے درپے ہمارا دشمن بھارت اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے قومی اتحاد و یکجہتی میں نقب لگا کر اسے توڑنے اور کمزور کرنے کی سازشوں میں ہمہ وقت مصروف رہتا ہے جس کیلئے وہ ملک کے اندر موجود عناصر کو اپنا آلہ کار بنا کر پاکستان کی سلامتی کیخلاف سازشیں پروان چڑھاتا ہے۔ ایسی خانہ ساز سازشوں کا نتیجہ ہی ہمیں 1971ء میں سانحہ سقوط ڈھاکہ کی صورت میں بھگتنا پڑا تھا جبکہ بھارتی عسکری تنظیم مکتی باہنی کے ساتھ مل کر کی گئی ان اندرونی سازشوں نے 71ء کی جنگ میں پاکستان کیلئے ہزیمتوں کا اہتمام کیا اور اندرا گاندھی کو یہ بڑ مارنے کا موقع فراہم کیا کہ ہم نے آج دو قومی نظریے کو خلیج بنگال میں ڈبو دیا ہے۔ ایسی خانہ ساز سازشوں کے باعث پاک فوج کا مورال ڈاؤن ہوا اور اسکے ہزاروں جوان بھارت کے ہاتھوں جنگی قیدی بن گئے۔

ایک بڑا نیوٹریشن پروگرام۔ احتیاط کے تقاضے

ہر قوم کے بچے اس کا مستقبل ہوتے ہیں اور قائد اعظم نے اسی پس منظر میں بچوں کی تربیت اور ان کی بہترین تعلیم پر ہمیشہ زور دیا۔ پاکستان میں اقتدار کی محاذ آرائیوں نے اگر کسی شعبے کو بہت نظر انداز کیا تو وہ قوم کے بچوں کا مستقبل تھا۔ بچوں کی تعلیم اور تربیت کیلئے نصاب ہمیشہ جوڑ توڑ کا نشانہ بنتے رہے، کبھی بیرونی مداخلت کے نام پر اور کبھی مقامی سیاست کے نام پر پورا تعلیمی ڈھانچہ تجربات کی نذر ہوتا رہا۔ جب بچوں کی تعلیم کا شعبہ بھی محض خانہ پری تک محدود ہو تو ان کی صحت کی طرف کون توجہ دیتا۔ کون دیکھتا کہ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے والدین جو بچوں کو کپڑے تک لے کر نہیں دے سکتے وہ ان کی سکول کی ضروریات کیسے پوری کریں گے۔ ماضی میں ایسی باتیں تو ہوئیں کہ یہ جو بچوں کو سرکاری سکولوں میں مفت کتابیں دی جا رہی ہیں یہ باہر کے ایجنڈے کے تحت ذہن سازی کے منصوبے کا حصہ ہیں لیکن کسی کا دھیان اس بات کی طرف نہیں جاتا تھا کہ سکولوں میں آنے والے بچے کیا ناشتہ کر کے آتے ہوں گے۔ ان کی ماؤں کا تو یہ حال ہوتا ہے کہ۔

وہ اکثر دن میں بچوں کو سلا دیتی ہے اس ڈر
سے کہ گلی میں پھر کھلونے بیچنے والا نہ آجائے

یہ جو بڑے شہروں میں سکولوں خاص طور پر نجی سکولوں میں جانے والے بچوں کے ساتھ ہم لنچ باکس اور پانی کی بوتل کا حسن دیکھتے ہیں تو یہ پاکستانی بچوں کا شائد پانچ سے دس فی صد ہوں۔ بچوں کی اکثریت خاص طور پر دیہی سکولوں میں ایسی سہولت کا تصور بھی نہیں کر سکتی۔ گزشتہ روز جب مریم نواز شریف جنوبی پنجاب کے ایک سکول میں اپنے سب سے بڑے نیوٹریشن پروگرام کے افتتاح کے لئے گئیں تو انہوں نے بھی اس پروجیکٹ کے پس منظر میں ایک مشاہدے کا خاص طور پر تذکرہ کیا اور کہا کہ۔۔ نیوٹریشن پروگرام کا خیال ایک سکول کے دورے کے دوران آیا جب مجھے آگاہ کیا گیا کہ کئی بچے اپنے گھروں سے بغیر ناشتے کے آتے ہیں اور اکثر بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ وزیر اعلی نے پنجاب کی حکومت سنبھالنے کے بعد جن منصوبوں کا اعلان کیا تھا ان میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ ان کی حکومت میں بچوں کی صحت اور تعلیم کا خاص طور پر خیال رکھا جائے گا اور بچوں کو سکول میں دودھ مہیا کیا جایا کرے گا تاکہ ان کی صحت ٹھیک رہے اور صحت مند جسم کے ساتھ ان کا دماغ بھی صحت مند رہے۔ ان کے پروگرام پر اپوزیشن نے سوشل میڈیا پر تنقید کا سلسلہ جاری رکھا لیکن وہ اپنے طور پر ترجیحات کا تعین کر کے پہلے آٹا روٹی سستی کرنے پھر بجلی بلوں میں ریلیف دینے اور دوسرے منصوبوں کے بعد اب اپنے اعلان کردہ پروگرام کی طرف آئیں تو سب حیران ہوئے۔ گزشتہ روز وہ اپنے وزرا اور انتظامیہ کی متعلقہ ٹیم کے ارکان سینئر منسٹر مریم اورنگ زیب، وزیر اطلاعات و ثقافت عظمی زاہد بخاری، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، وزیر معدنیات شیر علی گورچانی، ایم پی اے ثانیہ عاشق، نوشین عدنان، معاون خصوصی ذیشان ملک، چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان سیکرٹری سکولز اور دوسرے حکام کے ساتھ جب ڈیرہ غازی خان کے گورنمنٹ پرائمری سکول ایم سی ون میں پنجاب میں ملک کے پہلے اور سب سے بڑے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کرنے پہنچیں تو منظر دیدنی تھا۔ مریم نواز نے ڈیرہ غازی خان گورنمنٹ پرائمری سکول کی ہر کلاس میں جا کر بچوں کو دودھ کے پیک دیئے۔ نشستوں پر جا کر دودھ کے ڈبے پیش کئے صرف یہی نہیں، بچوں کو دودھ کے پیکٹ خود کھول کر بھی دیئے اور نگرانی میں ختم کرائے۔ جب کوئی سیاستدان مقابلے کی فضا میں اپنے ایک بڑے منصوبے کا عملی آغاز کرتا ہے تو پھر عوام یا ان کے بچوں سے کھلتا بھی ہے چنانچہ وزیر اعلیٰ نے افتتاحی تقریب سے خطاب میں ایسا ہی کیا اور کہا کہ بہت پیارے بچو، آپ سے ملکر بے انتہا خوشی ہوئی ہے۔ ایک بچی خدیجہ نے مجھے ابھی کہا کہ آپ اتنی دور سے صرف ہم سے ملنے آئی ہیں۔ ڈیرہ غازی خان لاہور سے جتنا بھی دور ہو میں آپ سے دور نہیں۔ بچو! میں لاہور میں بیٹھ کر بھی آپ کے بارے میں سوچتی ہوں کہ میری قوم کا مستقبل خوب پڑھے اور اچھی صحت ہو، طاقتور ہو۔ قوم کے بچوں کی اچھی گرومنگ ہو اور اچھی طرح تعلیم حاصل کریں۔ اس تقریب کے مہمان اور وی آئی پیز یہ بچے ہیں، ان بچوں سے اتنا پیار ملا کہ بتا نہیں سکتی۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ میں ان بچوں کے لئے ایسے ہی سوچتی ہوں جیسے ایک ماں اپنے بچوں کے لئے سوچتی ہے۔ طلبہ سے ان کے نام پوچھے تعریف کی طلبہ کے درمیان جا کر بیٹھ گئیں، اور ظاہر ہے طلبہ نے بھی مسرت کا اظہار کیا۔ پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز ڈیرہ غازی خان راجن پور اور مظفر گڑھ کے اضلاع سے ہوا ہے اور ان اضلاع کے چار لاکھ غذائی قلت کے شکار بچوں کو روزانہ 175 ملی لیٹر دودھ کا پیکٹ فراہم کیا جائیگا۔ پروگرام میں ایک مثبت ترکیب کو بھی ضروری قرار دیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ ان اضلاع کے 3527 سکولوں کے طلبہ دودھ پینے کے بعد خالی پیکٹ واپس جمع کروائیں گے اور ان ریپرز کی ری سائکلنگ سے جو آمدنی ہوگی وہ سکول کی انتظامیہ کو دی جائے گی وزیر اعلی کا کہنا ہے کہ پنجاب میں تقریباً 49 ہزار سکول ہیں، بڑی خواہش ہے کہ سب سکولوں میں پرا پر میل پروگرام شروع کریں، وسائل کی کمی ہے لیکن کوشش ہے۔ انشاء اللہ اچھا وقت آئے گا، اچھا وقت آ رہا ہے، پوری کوشش ہے کہ جتنی سہولتیں دے پائیں دیں گے۔ میری موٹیویشن ان بچوں کا چہرہ ہے، میں چاہتی ہوں کہ سکول کا انفراسٹرکچر، معیار تعلیم پرائیویٹ سکولوں سے بھی بڑھ کر ہو اور بچوں کی صحت بہترین ہو۔ پنجاب میں کریکولم اپ ڈیٹ کر رہے ہیں، آؤٹ سورسنگ پر کام جاری ہے، سکول نیوٹریشن پروگرام مہنگا ضرور ہے لیکن میری قوم کے بچوں سے قیمتی کچھ بھی نہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ عملی طور پر کچھ ایسا کر جاؤں کہ آپ کو لگے کہ آپ کی سی ایم آپ کی ماں جیسی ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر اور ان کی ٹیم بہت محنت سے کام کر رہی ہے، 90 روپے کے دودھ کے پیکٹ کو 63 روپے میں حاصل کیا ہے۔۔ کم وسائل والے گھرانوں کے بچوں کی صحت کے لئے پنجاب حکومت کا یہ پروگرام بہت اچھا ہے لیکن اس میں احتیاط کے تقاضے بھی اہم ہیں جن کی طرف وزیر اعلی نے پیشگی اشارہ کرتے ہوئے کہہ دیا ہے کہ قوم کے بچوں کا پیسہ ہے ایک روپے کی بھی خیانت ہوئی تو اللہ معاف نہیں کرے گا۔ پروگرام کی سپرٹ خراب نہیں ہونی چاہیے، خورد برد یا کرپشن نہیں ہونی چاہیے ان کا یہ کہنا بھی درست ہے کہ سکول نیوٹریشن پروگرام بچوں پر احسان نہیں ہے ان کا حق ہے اور تمام صوبوں کے وزرائے اعلی کو پنجاب کی طرح سکول نیوٹریشن پروگرام شروع کرنا چاہیے۔ اس لئے کہ غذائی کمی اور سٹینڈرڈ گروتھ تمام صوبوں کا مسئلہ ہے اور صوبوں کی تفریق سے ہٹ کر سوچنا ہوگا اس لئے کہ، بچے پاکستان کا فیوچر ہیں اور یہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے اور ویسے بھی۔

ہزار برق گرے لاکھ آندھیاں اٹھیں
وہ پھول کھل کے رہیں گے جو کھلنے والے ہیں

ڈاکیا اور خطوط اب نایاب

تحریر بسم اللہ ارم

چھٹی ذرا سیاں جی کے نام لکھ دے حال میرے دل کا تمام لکھ دے۔ کیا دور تھا، کیا وقت تھا کہ اپنے دل کے جذبات اور احساسات کو لکھانے کے لے ڈاکے یا ڈاک کا سہارا لینا پڑتا تھا کیونکہ لوگ کم تعلیم یافتہ ہوتے تھے۔ ڈاک لانے والا ماضی کا ایک خوبصورت کردار ڈاکیا جو آج بھی گھر گھر جا کر ڈاک کی ترسیل کا کام سرانجام دیتا ہے۔ گرمی اور بارش کو پس پشت ڈال کر اپنی ذمہ داریاں نبھانا، بلاشبہ ڈاک کے نظام کو پرانا نظام قرار دے کر مختلف کوریئر سروس نے ڈاک خانے کے نظام کی ذمہ داریاں اپنے ذمہ لے لی ہیں۔ ایک طرف تو انقلابی تبدیلیوں کی کوشش جاری ہے اور اصلاحات بھی ضروری ہیں مگر ہم ڈاک کے سستے نظام کو کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتے۔ 1854 میں جب لارڈ ڈلہوزی نے ہندوستان میں ڈاک کے نظام کو ایک

ڈاکخانوں کا مصرف اس وقت صرف یوٹیلٹی بل وصول کرنا، گاڑیوں کے ٹوکن اور چھوٹی موٹی بخشش جمع کرنا ہوتا تھا۔ اس کے بعد باقاعدہ طور پر چوراہوں اور مختلف مقامات پر سرخ رنگ کے لوہے کے لیٹر باکس لگا دیئے، جس میں صبح اور شام کے وقت کشادگی کے اوقات کو بھی نمایاں الفاظ میں لکھے جاتے اس کے ساتھ اندرون ملک اور بیرون ملک ڈاک بھیجنے کے لے الگ لیٹر بکس ہوتا اور مخصوص اوقات میں محکمہ ڈاک کا ایک اہلکار آتا، لیٹر باکس کی جانچ پڑتال کرتا، اسے کھول کر دیکھتا اور اپنا



تھیلا ڈھوس ڈھوس کر بھر کر لے کر جاتا وقت نے کروٹ لی۔ اب بھی محکمہ ڈاک کا اہلکار آتا ضرور ہے مگر کبھی کبھی اور اس لیٹر بکس کو کھول کر دیکھتا ہے تو اس میں ایک خط بھی موجود نہیں ہوتا۔ جس کے بعد اپنا خالی تھیلا لے کر لوٹ جاتا ہے۔ اب نہ خطوط لکھے جاتے ہیں اور نہ بھیجنے والے رہے۔ اب تو شاید لیٹر باکس بھی کچھ عرصے کے بعد نظر نہ آئیں۔ ہم پچھلی صدی کے بندے ہیں اور آج بھی پچھلی صدی کے

باقاعدہ محکمے کی شکل دے کر پوسٹ آفس ایکٹ بنوایا تو اس کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ فقط ڈیڑھ سو برس بعد رابطوں کی رفتار اس قدر کم ہو جائے گی کہ لوگ خط لکھنا اور پوسٹ کرنا بھی چھوڑ دیں گے۔ 1962 میں پاکستان میں محکمہ پوسٹ اور ٹیلی گراف کا محکمہ بنایا گیا اور اس وقت 13 ہزار ڈاک خانوں کا جال بچھایا گیا۔ اس میں صبح اور شام کے ڈاکخانوں کا قیام کیا گیا۔ اس کے علاوہ اگر دیکھا جائے تو ڈاک کے نظام میں ریلوے کو بھی شامل کیا گیا اور ٹرینوں اور مال گاڑیوں کے ذریعے ڈاک کی ترسیل کا کام لیا گیا

رکھے ہوئے خطوط ہمارے صندوق میں سنبھلے پڑے ہیں۔ نا صرف میرے پاس بلکہ میری عمر کے بہت سارے لوگوں نے ان خطوط کو سنبھال کر رکھا ہوگا کیونکہ ان خطوط میں یادیں، سچائیاں اور محبتیں تھیں پاکستان کے معاشرے میں جہاں اور بہت ساری روایات میں تبدیلی آئی ہے، اسی طرح ڈاک بابو، ڈاکخانہ اور ڈاک بنگلہ جیسی اصلاحات میں بھی بہت تبدیلیاں آئی ہیں اور اب یہ الفاظ کم سنائی دیتے اور بتایا جاتا ہے کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ واقعی سوچیں تو لگتا ہے جیسے وسب کچھ ہی بدل کر رہ گیا ہے۔ حالیہ برسوں میں ہی وقت نے

اس تیزی سے کروٹ لی ہے کہ آج خاکی رنگ کی وردی والے ڈاکیا کے بارے میں بچوں کو سمجھانا پڑتا ہے۔ اج کے بچے کوریئر سروس کو تو جانتے ہیں لیکن ڈاکیے سے واقف نہیں۔ گردش زمانہ اور گزرے ہوئے دنوں کی یاد دلانے پر ٹھنڈی آہ بھر کر کہتے تھے کہ زمانہ بدل گیا ہے۔ یہ خاکی وردی والا ڈاکیا جب خاکی لفافے میں ہمارا امتحانی رزلٹ لے کر آتا تھا، ہمارے پیاروں کی طرف سے بھیجے عید کارڈ لے کر آتا تھا۔ ہمارے پیاروں کے خطوط لے کر آتا تھا۔ منی آرڈر لے کر آتا تھا اخبارات کو خبریں بھی بذریعہ ڈاک بھیجی جاتی تھیں شادی کارڈ بھی بذریعہ ڈاک بھیجے جاتے تھے۔ اب موبائل فون اور انٹرنیٹ ہونے کی وجہ سے منی

آرڈر کی جگہ حوالہ ہونڈی، فارن ایکسچینج اور منی ٹرانسفر کمپنیوں نے لے لی ہے۔ خط کی جگہ پر تو واٹس ایپ اور ای میلز نے لے لی ہے۔ خط کا انتظار اب کون کرے گا، اب تو معاشرے سے ڈاک کا کردار بھی کافی حد تک ختم ہو کر رہ گیا ہے۔ بزرگوں کے منہ سے بھی وہ الفاظ سننے کو نہیں ملتے کہ ڈاک بابو میرے پردیسی بیٹے کا خط آیا کہ نہیں۔ کوئی خط پڑھا کر سنا اور خط کا جواب لکھ دے۔ ماضی میں بچے جب یہ گنگناتے تھے "دیکھو ڈاکیا آیا ہے ساتھ اپنے خط لایا ہے" یہ جملہ ہم سب کی کانوں کی سماعتوں سے ضرور ٹکرایا ہوگا۔ ماضی میں ڈاک کا باقاعدہ ایک منظم نظام ہوتا تھا اور وہاں پر باقاعدہ طور پر شہر کے وسط میں ڈاک خانے کے لے سرکاری بلڈنگ مختص کی جاتی تھی جہاں لوگوں کی رسائی ہو اور ڈاک خانہ ہر سال مختلف مواقع پر ڈاک ٹکٹ کا اجرا کرتا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ ہم میں سے بہت ساروں نے ٹکٹوں کو محبت کے ساتھ جمع کیا۔ البم میں لگایا اس دور میں ڈاک کی ٹکٹیں جمع کرنا باقاعدہ ایک مشغلہ تھا۔ ماضی کی یاد کی صورت میں خط سنبھال کر رکھے جاتے تھے۔ خط میں نہ صرف اپنی بات ہوتی تھی اور نہ صرف اپنا حال بیان ہوتا بلکہ نگر کے تمام لوگ کیسے ہیں، در و دیوار کسے ہیں موسم کیسا ہے، رزق روٹی کیسی چل رہی ہے، یہ ساری دعاؤں کے ساتھ خطوط نہ صرف لکھے جاتے تھے بلکہ ڈاکیا جب پہنچاتا تھا تو اس کی بھی خوب سیوا ہوتی تھی۔ اج بھی ڈاک خانے کی وسیع و عریض بلڈنگز ہر جگہ پر موجود ہیں مگر حکومتی سرپرستی نہ ہونے کے برابر ہے اور ہم ڈاک کے سستے نظام سے دور چلے جا رہے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

میں 10 مرتبہ پاکستان کیلئے ریکارڈ قائم کر چکا ہوں

مجھے خوشی ہے کہ میں نے ریکارڈ کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا، ارشد ندیم

لاہور (سی ایم لنکس) پیرس اولمپکس 2024ء میں پاکستان کے لیے انفرادی طور پر پہلا گولڈ میڈل جیتنے والے ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ میں 10 مرتبہ پاکستان کے لیے ریکارڈ قائم کر چکا ہوں۔ اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے لاہور میں منعقدہ تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ مجھے خوشی ہے کہ میں نے ریکارڈ کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا، میں نے بھی اسکول کی سطح سے کھیل کا آغاز کیا تھا، میں نے مختلف کھیلوں میں بیک وقت حصہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے 2015ء سے قومی سطح کے مقابلے شروع کیے اور 10 مرتبہ پاکستان کے لیے ریکارڈ قائم کر چکا ہوں۔ ایتھلیٹ نے بچوں کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کے لیے یہی پیغام ہے کہ میں محنت سے یہاں پہنچا ہوں، میرے گھٹنے اور کہنی کا آپریشن ہوا، سرجریز کے ساتھ محنت کی، کوچ اور ڈاکٹر نے میرے ساتھ بہت کام کیا، میں نے اولمپکس کے لیے براہ راست کوالیفائی کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ محنت اور لگن کے ساتھ کیے کام کا پھل دیتا ہے، آج دنیا میں پاکستان کا نام ہے اور یہی میری محنت کا پھل ہے۔



پی سی بی کا چیمپئنز کپ کے میچز مفت دکھانے کا اعلان

چیمپئنز کپ کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ کا مرحلہ مکمل ہو گیا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی ہدایت پر چیمپئنز کپ کے آخری 4 میچز کے علاوہ باقی تمام میچز مفت دکھانے کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی زیر صدارت چیمپئنز کپ کے انتظامات سے متعلق اجلاس ہوا جس میں چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سلمان نصیر، چیف فنانشل آفیسر جاوید مرتضیٰ، ایڈوائزر بلال افضل، ڈائریکٹر ڈومیسٹک عبداللہ خرم نیازی اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں اقبال سٹیڈیم فیصل آباد میں چیمپئنز کپ کرانے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ چیمپئنز کپ کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ کا مرحلہ مکمل ہو گیا ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی ہدایت پر شائقین کرکٹ چیمپئنز کپ کے آخری 4 میچز کے سوا تمام میچ فری دیکھ سکیں گے۔ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا تھا کہ فیصل آباد کے شہری کرکٹ کے کھیل سے محبت کرتے ہیں، عرصہ دراز بعد فیصل آباد میں پاکستان کے بہترین کھلاڑی بڑے ٹورنامنٹ میں ان ایکشن ہوں گے۔ محسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ چیمپئنز کپ سے نہ صرف ٹیلنٹ سامنے آئے گا بلکہ ڈومیسٹک کرکٹ بھی مضبوط ہوگی،

فیڈریشنز کیلئے این او سی کے حصول کی شرائط مزید سخت

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان سپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے فیڈریشنز کیلئے این او سی کے حصول کی شرائط مزید سخت کر دیں۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کی جانب سے جاری شرائط کے مطابق فیڈریشنز کو ایونٹ سے قبل مقررہ وقت میں این او سی کیلئے درخواست دینا ہوگی اور منتخب کھلاڑیوں کی کارکردگی کی تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی، فیڈریشنز کو کھلاڑیوں کی پرفارمنس کی بنیاد پر میں یہ واضح کرنا ہوگا۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے مطابق فیڈریشنز کو کھلاڑیوں کا انتخاب مکمل میرٹ پر کرنا ہوگا۔

انگلینڈ کے فاسٹ بولر مارک ووڈ کہنی کی انجری میں مبتلا

لندن (سی ایم لنکس) انگلینڈ کے فاسٹ بولر مارک ووڈ کہنی کی انجری میں مبتلا ہو گئے۔ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے مطابق مارک ووڈ سری لنکا کے خلاف سیریز سے باہر ہو گئے ہیں، وہ سری لنکا کے خلاف آئندہ سیریز اور پاکستان کے دورے سے قبل مکمل فٹ ہونے کے لیے بحالی کا عمل جاری رکھیں گے۔

PUNJAB HIGHWAY DEPARTMENT
سڑکیں بحال، پنجاب خوشحال
COMMUNICATION & WORKS
TENDER NOTICE

The tenders for the following schemes are invited from Engineering firms/contractors on the item rates basis, as per PPRA E-Tendering System, inline with relevant PPRA Rules (amended up to date). According to these Rules, all the firms/contractors can participate in tendering process with following terms and conditions:-

1 The intending Contractors/Firms who have been registered with **Pakistan Engineering Council** in the relevant category/codes may participate.
2. The Contractors/Firms has to be registered on Punjab ppra website (www.punjab.eprocure.gov.pk). Any information/ procedure regarding registration can be seen/obtained from website ppra.punjab.gov.pk/e-procurement.
3 All intending contractors/ firms have to upload the earnest money in the form of CDR in favour of the Executive Engineer Road Construction Division Rawalpindi @2% of the estimated/ bid cost and fill rates against items of work on the same website upto half hour before the opening date and time of opening of tender. However, original CDR has to be submitted to the tender opening committee on the same day, half hour before the opening of bids otherwise, the firm/ contrac tor will be disqualified in presence of tender opening committee.
4. After filling the bids on website, contractors may attend the office of Commissioner Rawalpindi Division, Rawalpindi on **21/09/2024 at 12:30 PM**, where all bids will be retrieved and quoted rates/successful bidder will be announced in the presence of Tender Opening Committee.
5. In case of submission of any fake information/document such as CDR/receipt, the Contractor/Firm will be disqualified from the current tendering procedure and will be black listed to participate in any tendering process of C&W Department. Further recommendation to PPRA and PEC will also be made against such firm/contractor for appropriate action/ black listing.
6. The procuring agency may reject all bids or proposal at any time prior to acceptance of a Bid or proposals under PPRA Rule-35 (Rejection of Bids).
7. Rigid Pavement shall be laid by using concrete batching plant and concrete paving machine.
8. TST / DST / Re-surfacing shall be executed by mechanized system.
9. Recovery against credit of old material will be adjusted manually and accordingly bids will be evaluated.

Sr. No	Name of Work	T.S No. & Date	Completion Period	Estimated Cost / Earnest Money	Opening Date & Time
1	Rehabilitation / Improvement of Road From Mandra Chakwal Road (Daultala More) To Gujar Khan Pir Phulai Road (Thakra More), Length 16.00 Km (16.00 Km), Tehsil Gujar Khan District Rawalpindi. (ADP No. 1763)	C.E Memo No1763/ 2024-25/Rawalpindi/ 318/Plg, dt:15-08-24	Upto 30-06-2025	Rs.814.575 M Rs. 16.292 M	21/09/2024 at 12:30 PM
2	Rehabilitation / Improvement of Road from Soon to Bharoi, Tehsil Kahuta District Rawalpindi (ADP No 1764)	C.E Memo No1764/ 2024-25/Rawalpindi/ 326/Plg, dt:15-08-24	Upto 30-06-2025	Rs.1001.581 M Rs. 20.032 M	21/09/2024 at 12:30 PM

Exective Engineer
Road Construction Division
Rawalpindi

Superintending Engineer
Highway Circle No-1
Rawalpindi

IPL-8485

SHOWBIZ شوبز

ادیتی راؤ حیدری نے سدھارتھ کا شادی کی پیشکش کا انداز بتادیا

وہ سدھارتھ کے ساتھ کچھ سالوں سے ڈیٹنگ کر رہی ہیں ہم نے حال ہی میں منگنی کی ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ ادیتی راؤ حیدری نے ساتھی اداکار سدھارتھ کی طرف سے شادی کی پیشکش کا انداز بتادیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ادیتی راؤ حیدری نے سدھارتھ کی طرف سے شادی کی پیشکش سے متعلق ایک وضاحتی نوٹ جاری کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ سدھارتھ کے ساتھ کچھ سالوں سے ڈیٹنگ کر رہی ہیں ہم نے حال ہی میں منگنی کی ہے، اس نے میری پسندیدہ جگہ پر گھٹنے کے بل بیٹھ کر اور ہاتھ پھیلا کر شادی کیلیے پرپوز کیا۔

پاکستانی شوبز میں انسٹاگرام فالوورز دیکھ کر لیڈ رول دیا جاتا ہے

سیٹ پر باتیں کی جاتی ہیں فلاں ماڈل یا اداکارہ کے زیادہ فالوورز ہیں، مومنہ اقبال

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ مومنہ اقبال نے کہا ہے کہ ہمارے یہاں شوبز میں کسی بھی اداکار یا اداکارہ کے انسٹاگرام فالوورز کی تعداد دیکھ انہیں مرکزی کردار دیا جاتا ہے۔ مومنہ اقبال کا پرانا انٹرویو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے بتایا کہ پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں مرکزی کردار کے لیے اداکاروں سے متعدد مطالبات کیے جاتے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ ماضی میں شوٹنگ سیٹ پر سوشل میڈیا فالوورز یا مقبولیت کے حوالے سے باتیں نہیں ہوتی تھیں۔

اداکار کو جیل میں وی آئی پی سہولت دینے پر 7 اہلکار معطل

ممبئی (سی ایم لنکس) بھارتی اداکار کو جیل میں وی آئی پی سہولت دینے پر 7 اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق قتل کے الزام میں قید کنڑ اکے اداکار درشن کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس میں وہ جیل اہلکاروں کے ساتھ لان میں بیٹھے چائے پیتے ہوئے اور خوشگوار موڈ میں باتیں کرتے دکھائی دے رہے تھے۔ اداکار کو جیل میں ملنے والے وی آئی پی ٹریٹمنٹ پر عوامی غصے کے بعد کرناٹک کے وزیر داخلہ نے بیان میں کہا کہ بنگلورو جیل کے 7 اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کی ایک خصوصی ٹیم معاملے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ اداکار درشن اور دیگر 16 افراد رینو کا سوامی نامی شخص کے قتل کے الزام میں قید ہیں۔

بچوں کو ہر کسی کی عزت و احترام کرنا سکھایا ہے، شاہ رخ خان

کیریئر اور بیوی میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو فلمیں چھوڑ دوں گا



ممبئی (سی ایم لنکس) شاہ رخ خان نے کہا ہے کہ اگر انہیں اپنے کیریئر اور بیوی میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو فلمیں چھوڑ دوں گا۔ بھارتی میڈیا کو ایک انٹرویو میں اداکار نے کہا کہ میں نے اپنے بچوں کو ہر کسی کی عزت و احترام کرنا سکھایا ہے۔ شاہ رخ کا کہنا تھا کہ میری شادی کو 3 دہائیوں سے زائد عرصہ ہو گیا ہے لیکن میں نے آج تک کبھی اپنی بیوی کے پرس میں نہیں جھانکا کیونکہ وہ اس کی ملکیت ہے۔ شاہ رخ خان نے اہلیہ کی اہمیت اور محبت کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ میری بیوی میری پہلی ترجیح ہے۔

ماضی کی نسبتاً اب بامقصد ڈرامے بنانا مشکل ہے: ثانیہ سعید

معاشرتی مسائل کو ڈراموں کے ذریعے اجاگر کرنا زیادہ آسان تھا لیکن اب یہ مشکل ہے



کراچی (سی ایم لنکس) پاکستانی باصلاحیت، مایا ناز، معروف اداکارہ و میزبان ثانیہ سعید کا کہنا ہے کہ ایک وقت تھا جب پاکستان میں معاشرتی مسائل کو ڈراموں کے ذریعے اجاگر کرنا زیادہ آسان تھا لیکن اب یہ مشکل ہے۔ حال ہی میں انہوں نے نجی نیوز چینل کی پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی اور مختلف موضوعات پر کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دوران انٹرویو میزبان نے سوال کیا کہ کیا ہم اپنے ڈراموں میں اچھوتے موضوعات کو زیر بحث نہیں لا سکتے جیسا دوسرے ملکوں کے ڈراموں میں ہوتا ہے؟ میزبان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ثانیہ سعید نے کہا کہ اگر میں ایمانداری سے بتاؤں تو ماضی میں پاکستان میں ممنوع سمجھے جانے والے موضوعات پر بھی ڈرامے بنانا آسان تھا، آج کی نسبت ماضی میں ملک میں انتہائی اچھے ڈرامے بن رہے تھے۔

شوہر مجھ سے ساڑھے 4 سال چھوٹے ہیں، مدیحہ امام کا انکشاف

شوہر سے پہلی ملاقات 2016 میں بالی وڈ فلم 'ڈیئر مایا' کے سیٹ پر ہوئی تھی

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ مدیحہ امام نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے شوہر موجی بسر ان سے ساڑھے 4 سال چھوٹے ہیں۔ اداکارہ مدیحہ امام مئی 2023 میں بھارت سے تعلق رکھنے والے موجی بسر کے ساتھ رشتہ ازدواج میں بندھی تھیں اور کچھ ماہ قبل ایک یوٹیوب انٹرویو کے دوران مدیحہ نے شوہر موجی بسر سے پہلی ملاقات اور پھر شادی تک کے سفر پر بات کی۔ مدیحہ امام نے شوہر سے پہلی ملاقات سے متعلق بتایا کہ 2016 میں بالی وڈ فلم 'ڈیئر مایا' کے سیٹ پر موجی سے پہلی ملاقات ہوئی تھی۔

عامر خان نے تیسری شادی سے متعلق کیا کہا؟

میں 59 سال کا ہو گیا ہوں۔ تیسری شادی کرنا اب مشکل لگ رہا ہے



ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے میگا اسٹار عامر خان نے تیسری شادی سے متعلق ردعمل دے دیا۔ بالی ووڈ کی انٹرٹیمنٹ ویب سائٹ کے مطابق ایک انٹرویو میں تیسری شادی کے بارے میں پوچھے گئے سوال پر بالی ووڈ کے میگا اسٹار عامر خان کا کہنا تھا کہ میں 59 سال کا ہو گیا ہوں۔ تیسری شادی کرنا اب مشکل لگ رہا ہے۔ عامر خان نے مزید کہا کہ اس وقت میری زندگی میں بہت سے رشتے ہیں۔ میں اپنی فیملی اور بچوں سے دوبارہ جڑا ہوں۔ میں بہت خوش ہوں کیونکہ یہ سب لوگ میرے بہت قریب ہیں۔ میں آج کل خود کو بہتر انسان بنانے پر کام کر رہا ہوں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 09 ستمبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 09 ستمبر 2024، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، H - 8 / 2، NECORI/8-2، پی سی، ٹی ڈی سی پی، ایم سی ایم، گھڑیال، کوہالہ، سی بینک، ریحارہ، سی ایم پاک زونگ، آئسولیشن ہسپتال فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، دھمیال-I، لالکرتی، یو سی لکھن، شاہ جیون، گلشن سعید، محبوب شہید، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک، کارچوک، زراج ون، زراج ٹو، زیٹا ون، آئی ایس ٹی، ڈھوک اعوان، موہرہ نگیال، ہمایوں، فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ٹی اینڈ ٹی وائی، جھنگی، ای ایم ای کمپلیکس، سیکٹر-4، شمس کالونی، مسلم ٹاؤن، G - 15، کٹاریاں، ہولی فیملی، F بلاک، بنی، مصریال روڈ فیڈرز، جہلم سرکل، پوران، کھوکھر، فتح پور، سرائے عالمگیر، محلہ شہیداں، گلیانہ، کنتریلہ، بھئی خان، کلیہ، پنڈ فتح خان، اجمل شہید، F-7 کچہری، عباس پورہ، پکھوال، F - 9 چک دولت، جاکر، فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوڈا، فیڈرزا ور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بہتر نیند موٹاپے میں کمی سے منسلک ہے، تحقیق

اوریگون (سی ایم لنکس) اچھی نیند جسمانی نظام کی 'قدرتی گھڑی' (باڈی کلاک) کو درست رکھنے کیلئے ضروری ہے جس میں 24 گھنٹے میں ہارمونز اور نیوروٹرانسمیٹر کی سطح میں اتار چڑھاؤ کو متوازن رکھنا شامل ہے۔ اوریگون ہیلتھ اینڈ سائنس یونیورسٹی کے محققین کی ایک حالیہ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ زیادہ وزن یا موٹاپے کے شکار افراد جن نیند کی کمی کیوجہ سے باڈی کلاک اچھی طرح سے متوازن نہیں ہے، وہ منفی میٹابولک اثرات کا تجربہ کر سکتے ہیں۔ دی جرنل آف کلینیکل اینڈوکرائنولوجی اینڈ میٹابولزم میں شائع ہونے والے نتائج بتاتے ہیں کہ یہ منفی اثرات مردوں اور عورتوں کے درمیان نمایاں طور پر مختلف ہوتے ہیں۔ محققین کا کہنا ہے کہ بہتر اور اچھی نیند لینے سے باڈی کلاک کو ایڈجسٹ کر کے ممکنہ طور پر زیادہ وزن اور موٹاپے سے وابستہ کچھ خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

برگر، چپس جیسی خوراک محض 3 ہفتوں میں شدید نقصان پہنچا سکتی ہے

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ بہت زیادہ کیک، کرپی چپس اور برگر کھانے سے صرف تین ہفتوں کے اندر انسانی جسم کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی ایک تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس طرح کی غذائیں جن میں چکنائی زیادہ ہوتی ہے وہ دل کے لیے خطرناک ہوتی ہے بھلے لوگوں کا وزن نہ بڑھتا ہو۔ ٹیسٹس میں لوگوں کے ایک گروپ کو چکنائی یا پولی-ان سیچوریٹڈ چکنائی والی غذا دی گئیں اور دوسرے گروپ سے 24 دنوں تک صحت بخش چکنائی والی غذا کھانے کو کہا گیا جیسے تیل والی مچھلی اور گری دار میوے۔ تحقیق کے آخری میں دیکھا گیا کہ کسی بھی گروپ کا وزن نہیں بڑھا تھا لیکن جو لوگ زیادہ چکنائی کھا رہے تھے ان کی صحت میں بنیادی خرابی دیکھی گئی اور اسکین میں دل کی بیماری کے بڑھتے ہوئے خطرے پائے گئے۔

خشک میوہ جات کا استعمال دماغی بیماریاں لاحق ہونے کے خطرات کو کم کر دیتا ہے، ماہرین

میساچوسٹس (سی ایم لنکس) سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ خشک میوہ جات، پھلیاں اور ٹوفو (دودھ اور سویابین سے تیار کیا گیا پنیر کی طرح) کی خوراک کے استعمال سے دماغ کو نقصان پہنچانے والی بیماریاں لاحق ہونے کے خطرات 20 فیصد تک کم ہو جاتے ہیں۔ اس حوالے سے امریکی سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ خشک میوے، پھلیاں اور ٹوفو کا استعمال سے دماغ کو نقصان پہنچانے والی بیماریاں لاحق ہونے کے خطرات کو کم کر دیتا ہیں۔ دوسری جانب نائٹریٹس اور پروسیسڈ سرخ گوشت کو محفوظ کرنے کیلیے استعمال ہونے والے کیمیائی اجزا نہ صرف کینسر کا سبب بنتے ہیں بلکہ یہ دماغ کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ امریکی ریاست میساچوسٹس میں واقع بریگھم اینڈ وومنز ہاسپٹل بوسٹن کے ریسرچ اسسٹنٹ یوہالی کا کہنا ہے کہ ایک طویل عرصے سے لوگوں کی زندگی اور صحت کے مطالعے سے یہ بات سامنے آئی کہ پروسیسڈ ریڈ میٹ (ڈبوں میں محفوظ کیا گیا سرخ گوشت) کھانے سے ڈیمنشیا (دماغ کو نقصان پہنچانے والی بیماری) کے خطرات کافی بڑھ جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق برطانیہ میں اس وقت تقریباً 944,000 افراد ڈیمنشیا میں مبتلا ہیں، انھوں نے مزید کہا کہ یہ تعداد اس عشرے کے خاتمے تک دس لاکھ سے زیادہ ہو جائے گی۔ الزائمر (نسیان یا بھولنے کی بیماری) اسکی سب سے عام کیفیت ہے اور یہ دماغ میں پروٹین کے بلڈاپ ہونے سے لاحق ہوتی ہے۔ ماہرین کے مطابق اس بیماری کا اس وقت کوئی علاج نہیں ہے گو کہ تین ادویات موجود ہیں جو اسکے لاحق ہونے کی رفتار کو صرف کم کر سکتی ہے لیکن وہ بھی آزمائشی مراحل میں ہے۔ نوٹ: یہ مضمون قارئین کی معلومات کیلئے شائع کیا گیا ہے۔ صحت سے متعلق امور میں اپنے معالج کے مشورے پر عمل کریں۔

نوجوانوں میں تیزی سے بڑھتی خون کی کمی کی بڑی وجہ سامنے آ گئی

'اینیمیا' یعنی کہ جسم میں آئرن کی کمی کے باعث خون کی کمی کی شکایت ہو جاتی ہے، اس صورتحال میں خون میں موجود لال خلیے کم ہونے کے سبب صحت گرنے لگتی ہے جس سے بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ امریکی ماہرینِ غذائیت کے مطابق خون میں آئرن کی کمی، ہیموگلوبن (ریڈ بلڈ سیلز) کی کمی کی وجہ سے پیش آتی ہے، پروٹین پر مشتمل ہیموگلوبن جسم کے پٹھوں میں آکسیجن پہنچانے کا کام کرتا ہے۔۔۔ جسم میں وٹامنز اور منرلز کی کمی بھی آئرن کی کمی کا سبب بنتے ہیں۔۔۔ ہیموگلوبن بنانے کے لیے انسانی جسم کو آئرن کی اشد ضرورت ہوتی ہے، اس کی کمی کے باعث جسم میں آکسیجن کی فراہمی متاثر ہوتی ہے جس سے کئی مسائل جنم لے سکتے ہیں۔۔۔ آئرن کی کمی کی علامات:۔۔۔ اکثر افراد کو معلوم نہیں ہوتا کے ان میں آئرن کی کمی ہے، آئرن کی علامات کو اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے جس کے بعد نقصانات سامنے آتے ہیں۔ آئرن کی کمی کے سبب کمزوری، جسم میں درد، چہرے کا رنگ اُڑ جانا، سانس کا پھولنا، چکر آنا، ہاتھوں اور پاؤں میں سنسناہٹ محسوس ہونا، زبان میں درد یا سوجن کا آ جانا، پاؤں اور ہاتھوں کا ٹھنڈا رہنا، ناخنوں کا ٹوٹنا، سر میں درد کی شکایت رہنا، بار بار بھوک لگنا، کھانا کھانے کے بجائے مٹی، برف یا کچے اناج کھانے کا دل چاہنا۔۔۔ آئرن کی کمی کی وجوہات:۔۔۔ امیریکن سوسائٹی آف ہیماٹولوجی کے مطابق خون میں آئرن کی کمی کی سب سے بڑی وجہ غذا کا بہت کم استعمال کرنا، اپنی غذا میں گوشت، انڈے اور ہرے پتے والی سبزیوں کا استعمال نہ کرنا، خاتون کا حمل سے ہونا، معدے کی صحت کا خراب ہونا اور آنتوں کا صحت مند نہ ہونا بھی شامل ہے، ان بیماریوں میں چاہے آئرن کا مناسب استعمال کیا جائے تو بھی آئرن ہضم نہیں ہوتا اور نہ ہی خون میں شامل ہوتا ہے۔۔۔ خون میں آئرن کی کمی اور خواتین بمقابلہ مرد۔۔۔ مردوں کے مقابلے میں خواتین میں آئرن کی کمی کی شکایت زیادہ پائی جاتی ہے جسے زیادہ تر ڈاکٹر آئرن سپلیمنٹس تجویز کر کے اس کمی کو دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ماہرین کی جانب سے آج کل کی نوجوان نسل میں خون کی کمی کی بڑی وجہ غیر معیاری غذا اور بازاری کھانے یعنی کہ پروسیسڈ شدہ فاسٹ فوڈ اور ریڈی میڈ کھانوں کو قرار دیا جا رہا ہے۔۔۔ آئرن کی کمی کا علاج کیا ہے؟۔۔۔ ماہرین تجویز کرتے ہیں کہ خون میں ریڈ بلڈ سیلز کو مناسب مقدار میں رکھنے کے لیے پھل جیسے کہ مالٹے، انگور، چکوترے، اسٹرابیریز، کیوی، امرود، اناس، خربوزہ، کیلا، پپیتا اور آم کا استعمال کرنا چاہیے۔ سبزیوں میں بروکولی، لال اور ہری شملہ مرچ، پھول گوبھی، ٹماٹر اور ہرے پتے والی سبزیوں کا استعمال بڑھا دیں۔ اسی طرح باہر کے کھانے کے بجائے گھر میں بھیڑ، مرغی اور گائے کے گوشت سے بنے ہوئے کھانوں کا استعمال کیا جائے۔ غذا میں پھلیاں، کدو اور اس کے بیج، کشمش و دیگر خشک میوہ جات، انڈے، مچھلی اور دلیے کا استعمال زیادہ سے زیادہ کرنا چاہیے۔ وٹامن سی سے بھرپور غذائیں بھی خون بنانے میں مدد دیتی ہیں۔

موبائل فون اور دماغ کے کینسر کے درمیان کوئی تعلق نہیں

دبئی (سی ایم لنکس) "موبائل فون کو اپنے کان کے ساتھ نہ لگائیں، کیونکہ اس کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے۔" موبائل فون کی ایجاد سے لے کر آج تک ہم میں سے کس نے یہ باتیں نہیں سنی ہوں گی اور ان کے بارے میں پڑھا ہوگا؟ تاہم، عالمی ادارہ صحت کی جانب سے دنیا بھر میں دستیاب شائع شدہ ایک نیا جائزہ اچھی خبر لایا ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے تصدیق کی ہے کہ موبائل فون کے استعمال اور دماغ کے کینسر کے بڑھتے ہوئے خطرے کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے۔ منگل کو شائع ہونے والے اس جائزے سے پتا چلا ہے کہ وائرلیس کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کے استعمال میں بہت زیادہ اضافے کے باوجود دماغی کینسر کے کیسز میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ یہ ان لوگوں کے لیے بھی درست ہے جو ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے لمبی فون کالز کر رہے ہیں یا سیل فون استعمال کر رہے ہیں۔ حتمی تجزیے میں 1994 اور 2022 کے درمیان کیے گئے 63 مطالعات بھی شامل تھے، اور آسٹریلوی حکومت کی ریڈی ایشن پروٹیکشن اتھارٹی سمیت 10 ممالک کے 11 محققین نے ان کا جائزہ لیا۔ مطالعہ کے شریک مصنف، مارک ایلوڈ، نیوزی لینڈ کی یونیورسٹی آف آکلینڈ میں کینسر کے وبائی امراض کے پروفیسر، نے کہا ہے کہ اس جائزے میں سیل فون، ٹیلی ویژن، اور ریڈار میں استعمال ہونے والی ریڈیو فریکوئنسی کے اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ان میں سے کسی نے بھی خطرے میں اضافہ نہیں دکھایا۔" انہوں نے یہ بھی وضاحت کی کہ جائزے میں بالغوں اور بچوں میں دماغی کینسر کے ساتھ ساتھ پٹیوٹری اور تھوک کے غدود کے کینسر اور لیوکیمیا کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ، موبائل فون، ٹرانسمیٹر اور براڈ کاسٹ سٹیشنز کے پیشہ جاتی استعمال سے وابستہ خطرات کو بھی جانچا گیا۔ یہ جائزہ ماضی کی اسی طرح کی کوششوں کی کڑی ہے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن اور دیگر بین الاقوامی صحت کے اداروں نے پہلے بھی کہا ہے کہ موبائل فون کے ذریعہ استعمال ہونے والی تابکاری کے نتیجے میں صحت کے لیے نقصان دہ اثرات کا کوئی حتمی ثبوت نہیں ہے، لیکن مزید تحقیق کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ جتنی جلدی ممکن ہو درجہ بندی کا اندازہ کریں۔ یہ قابل ذکر ہے کہ کینسر پر تحقیق کی بین الاقوامی ایجنسی فی الحال اس تابکاری کو "شاید سرطان پیدا کرنے والی" یا کیٹیگری بی 2 کے طور پر درجہ بندی کرتی ہے، یہ درجہ بندی ایجنسی اس وقت استعمال کرتی ہے جب وہ کسی ممکنہ تعلق کو مسترد نہیں کر سکتی۔ تاہم، ایجنسی کے مشاورتی گروپ نے 2011 میں اپنی آخری تشخیص کے بعد سے جاری کردہ نئے اعداد و شمار کو دیکھتے ہوئے درجہ بندی کا جلد از جلد از سرنو جائزہ لینے کا مطالبہ کیا۔

انڈہ کھانے سے ڈیمینشیا کے خطرات کم ہو سکتے ہیں!

لندن (سی ایم لنکس) ایک نئی تحقیق میں سائنس دانوں نے انڈے کھانے اور ڈیمنشیا کے خطرات میں کمی کے درمیان تعلق دریافت کیا ہے۔ آبادی کی بڑھتی عمر کے ساتھ الزائمر کا پھیلاؤ کے امکان کی وجہ سے تحقیق کے نتائج انتہائی اہم ہیں۔ محققین ڈیمنشیا سے نمٹنے کے لیے اس متعلق تحقیق جاری رکھے ہوئے ہیں کہ غذا اس بیماری کے خطرے کو کس طرح متاثر کر سکتی ہے۔ جرنل نیوٹریشن میں شائع ہونے والی تحقیق کے مطابق انڈے کی زردی میں پائے جانے والے زیادہ تر غذائی اجزاء کے ساتھ پورے انڈے کولین کا ایک بھرپور ذریعہ ہیں اور دماغی صحت کی بہتری کے لئے بشمول اومیگا-3 فیٹی ایسڈ ڈی ایچ اے اور لیوٹین کے مشہور دیگر غذائی اجزاء میں حصہ ڈالتے ہیں۔ مطالعے کے مطابق ہفتہ وار انڈوں کی کھپت (ہر ہفتے ایک انڈے سے زیادہ کا کھایا جانا) سے الزائمر ڈیمنشیا کے خطرے میں 47 فیصد کمی واقع ہوئی۔ تحقیق میں 1024 بوڑھے افراد نے حصہ لیا جن کی اوسط عمر 81.4 برس تھی۔ شرکاء نے اپنی غذائی عادات کو خود رپورٹ کیا اور تجزیے کے حصے کے طور پر دیگر غذائی عوامل کا حساب لیا۔ 6.7 سال کی اوسط فالو اپ مدت میں، مطالعہ میں 280 شرکاء (27.3 فی صد) میں الزائمر ڈیمنشیا کی تشخیص کی گئی تھی۔

تمام سمندروں سے بھی زیادہ پانی کہاں موجود ہے؟ حیرت انگیز دریافت

ٹورنٹو (سی ایم لنکس) انسولین، قدرتی طور پر پیدا ہونے والا ہارمون ہے جو ایک صحت مند جسم، گلوکوز میں موجود توانائی کو خلیوں اور پٹھوں کو مہیا کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ امراض میں مبتلا کچھ لوگ انسولین کے استعمال کو اپنی صحت کی انتہا درجے کی خرابی سے جوڑتے ہیں اور اسے اپنی بیماری کا آخری حل سمجھتے ہیں۔ گزشتہ دنوں کی گئی ایک تحقیق میں یہ حیرت انگیز بات سامنے آئی ہے کہ کچھ لوگ کاربوہائیڈریٹ کے مقابلے میں پروٹین اور چربی کے جواب میں زیادہ انسولین پیدا کرتے ہیں۔ یہ اسٹڈی ویب سائٹ ''نیو اٹلس'' نے جریدے ''سیل میٹابولزم'' کا حوالہ دیتے ہوئے شائع کی ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ یہ ایک ایسی دریافت ہے جو ہر حالت میں ایک مخصوص خوراک کے ذریعے انفرادی طور پر علاج کرنے کی راہ ہموار کرتی ہے۔ تحقیقی نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ انسولین کی پیداوار ایک شخص سے دوسرے میں ابتدائی سوچ کے مقابلے میں زیادہ مختلف ہوتی ہے۔ تحقیق کے مطابق جیسے ہی کھانا ہضم ہوتا ہے اور غذائی اجزا جاری ہوتے ہیں تو لبلبہ کے خلیے انسولین کو خارج کرتے ہیں تا کہ خون میں شکر کو توانائی کے طور پر استعمال کرنے کے لیے جسم کے خلیات میں دھکیل سکیں۔ انسولین کے اخراج کا بنیادی محرک گلوکوز ہے جو اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کاربوہائیڈریٹ ٹوٹ جاتے ہیں لیکن پروٹین اور فیٹس جیسے میکرونیوٹرینٹس کی دوسری بڑی کلاسوں کا انسولین کی پیداوار پر جو اثر ہو سکتا ہے وہ نسبتاً غیر دریافت ہے۔ کینیڈا میں یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا کے محققین نے اس حوالے سے پہلا بڑے پیمانے پر مطالعے کی توثیق کرتا ہے کہ زیادہ پر ولعہ کیا۔ اس میں اس بات کا موازنہ کیا گیا کہ کس طرح مختلف لوگ تینوں میکرونیوٹرینٹس میں سے ہر ایک کے جواب میں انسولین تیار کرتے ہیں۔ اسٹڈی میں دریافت کیا گیا کہ کچھ لوگوں کے لیے پروٹین اور چکنائی گلوکوز سے زیادہ مضبوط اثر رکھتی ہے۔ یہ مطالعہ واقعی اس مفروضے والی غذا ٹائپ 2 ذیابیطس کے لیے علاج کے فوائد رکھتی ہے اور پروٹین سے محرک یافتہ انسولین کے اخراج پر مزید تحقیق کی ضرورت پر روشنی ڈالتا ہے۔

امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہوسکتا ہے علم بردار نہیں، مولانا فضل الرحمان

فلسطین میں اسرائیل کا ظلم وبربریت جاری ہے، امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہوسکتا ہے علم بردار نہیں

پاکستان کے عوام ختم نبوت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، آج کا اجتماع پاکستان کی وحدت کی علامت ہے

لاہور (آئی آئی پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے واضح کیا ہے کہ فلسطین میں اسرائیل کا ظلم وبربریت جاری ہے، امریکا انسانی حقوق کا قاتل تو ہوسکتا ہے، علم بردار نہیں، لاہور میں مولانا فضل الرحمان نے میاں پاکستان پر گولڈن جوبلی ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن پیغام دے رہا ہے کہ پاکستان کے عوام ختم نبوت کا دفاع کرنا جانتے ہیں، آج کا اجتماع پاکستان کی وحدت کی علامت ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ بڑے لوگوں نے کہا کہ اسرائیل تسلیم کرلینا چاہیے، میں

(بقیہ نمبر 2 8)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) دوبارہ شروع ہوگا

محکمہ کھیل کے سوالات کے جوابات، کچے کے علاقے کی صورتحال پر عام بحث ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج (پیر) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کئے گئے ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ کھیل سے متعلقہ سوالات اور توجہ دلاؤ نوٹسز کے جوابات دیئے جائیں گے۔ امن وامان خصوصاً کچے کے علاقے کی صورتحال اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں

(بقیہ نمبر 2 9)

اسلام آباد، پی ٹی آئی کے جلسے باعث انتظامیہ نے کنٹینر لگا کر راستوں کو بلاک کر رکھا ہے

نوشہرہ، ماں نے بچوں کو زہریلی گولیاں دے کر خودکشی کرلی

زہریلی گولیاں کھانے سے ماں اور 16 سالہ بیٹی جاں بحق ہوگئی

نوشہرہ (نامہ نگار) نوشہرہ میں ماں نے اپنے 3 بچوں کو زہریلی گولیاں کھلانے کے بعد خود بھی زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی۔ زہریلی گولیاں کھانے سے ماں اور 16 سالہ بیٹی جاں بحق ہوگئی جبکہ خاتون کے 2 بیٹوں کو اسپتال میں ڈاکٹروں نے بچالیا۔ پولیس کے مطابق اکبر پورہ کی رہائشی مہرالنساء خاتون نے گھریلو ناچاقی پر پہلے اپنے 2 بیٹوں

(بقیہ نمبر 3 2)

تمام افسران وملازمین اپنی بائیومیٹرک حاضری یقینی بنائیں

سیکرٹری اطلاعات وڈی جی پی آر کی افسران وملازمین کو بروقت آفس پہنچنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پنجاب و ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز ڈاکٹر شہناز فیصل عظیم نے تمام افسران وملازمین کو بروقت آفس پہنچنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ تمام افسران و ملازمین اپنی بائیومیٹرک حاضری یقینی بنائیں۔ ایوانی عاصم کے بعد آفس آنے والے افسر یا ملازم کی غیر حاضری تصور ہوگی۔ تمام افسران ذمہ داری کا

(بقیہ نمبر 3 3)

پی ٹی آئی جلسے کے باعث راستے بند ہونے کی وجہ سے ایمبولینس پانی وڈے کے درمیان میں بنی شٹ پاتھ سے گاڑیاں گزر رہی ہیں

پلینہ بارات میں ہوائی فائرنگ سے ایک بچہ جاں بحق، بچی زخمی

ڈی ایس پی ایس ایچ او جائے وقوعہ پر پہنچے زخمی بچی اور ڈیڈ باڈی کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان منتقل کیا گیا

سی پی او راولپنڈی نے فوری نوٹس لے لیا پولیس تھانہ گوجرخان نے دلہا اور اسکے والد سمیت متعدد افراد کو گرفتار کرلیا

گوجرخان (قمرشہزاد) تھانہ گوجرخان کی حدود میں نواحی علاقے میں آئے ڈھول بارات میں فائرنگ کی زد میں آکر پہ چلنی اور بچی زخمی ہو گئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ گوجرخان جائے وقوعہ پر پہنچی دلہا اور اسکے والد سمیت متعدد کی گرفتاری تفصیلات کے مطابق راولپنڈی سے گوجرخان واپس آتے ہوئے گوجرخان کے ڈھول باجے کس واقعی بھلیدیہ گوجرخان آکے ڈھول باجے پر ہوائی فائرنگ کی گئی جس سے ایک سالہ بچہ محمد عیسیٰ ایک سالہ بچی رہیف فائر لگنے سے زخمی ہوگئے جنہیں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان پہنچایا گیا محمد عیسیٰ زخموں کی تاب نہ لاتے

(بقیہ نمبر 3 5)

اسلام آباد میں عالمی معیار کے جدید ڈیجیٹل بس ٹرمینل کی تعمیر کا فیصلہ

بس ٹرمینل سکرٹری ایوان 32 ایکڑ رقبے پر تعمیر کیا جائے گا، کمرشل ایریا، ایئر کنڈیشنڈ ویٹنگ روم اور مسجد بھی بنائی جائیگی

گاڑیوں کی چیکنگ کے لیے سمارٹ ڈیجیٹل انٹیلی جنس سسٹم، فقس ٹیسٹ کے بغیر کوئی بس ٹرمینل سے روانہ نہیں ہو سکے گی

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں عالمی معیار کے مطابق جدید ڈیجیٹل بس ٹرمینل کی تعمیر کا فیصلہ، بس ٹرمینل سکرٹری آئی ایوان میں 32 ایکڑ رقبے پر تعمیر کیا جائے گا، کمرشل ایریا، بسوں کی پارکنگ، ایئر کنڈیشنڈ ویٹنگ روم اور مسجد بھی بنائی جائیگی، وائی ائرٹ سیکورٹی سسٹم نصب ہو گا، واک تھرو گیٹ کے بغیر انٹری نہیں ہوں سامان کی چیکنگ کے لیے کنٹینر تنصیب نصب ہوں گی گاڑیوں کی چیکنگ کے لیے سمارٹ ڈیجیٹل انٹیلی جنس سسٹم، فقس ٹیسٹ کے بغیر کوئی بس ٹرمینل سے

(بقیہ نمبر 3 4)

لاہور، شہری انارکلی بازار میں سٹال پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

موٹر سائیکل سوار باپ بیٹے کو کچلنے والا ٹرک ڈرائیور گرفتار

حادثہ میں باپ محمد ایاز جاں بحق جبکہ بیٹا حماد زخمی ہوگیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کے دوران تیز رفتاری اور غفلت و لاپرواہی سے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹے کو کچلنے والا ٹرک ڈرائیور گرفتار کرلیا، حادثہ میں باپ محمد ایاز جاں بحق جبکہ بیٹا حماد زخمی ہوگیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تیز رفتاری اور غفلت و لاپرواہی سے موٹر سائیکل

(بقیہ نمبر 4 5)

تھانہ شالیمار اور سمبل پولیس ٹیموں کی بروقت کارروائیاں

گمشدہ بچی اور بچے کو قلیل وقت میں تلاش کرکے بحفاظت والدین کے حوالے کردیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کی ٹیموں کی کاوشوں کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیشن انچارج آف پولیس اسلام آباد سمبل عامر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس وفاقی حکومت میں امن وامان

(بقیہ نمبر 4 7)

پنجاب حکومت کا کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 میں ترمیم کا فیصلہ

ترمیم کے ذریعہ سیکرٹری داخلہ کو صوبہ، ڈپٹی کمشنر کو ضلع میں دفعہ 144 کے نفاذ کا اختیار دیا جائے گا

سیکرٹری داخلہ 90، ڈپٹی کمشنر ضلع میں تین دن تک دفعہ 144 نفاذ کرسکے گا، مسودہ قانون تیار کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے کوڈ آف کریمنل پروسیجر 1898 کی ترمیم کا فیصلہ کر لیا، ترمیم کے ذریعہ سیکرٹری داخلہ کو صوبہ میں اور ڈپٹی کمشنر کو ضلع میں دفعہ 144 کے نفاذ کا اختیار دیا جائے گا، سیکرٹری داخلہ 90 تک اور ڈپٹی کمشنر ضلع میں تین دن تک دفعہ 144 نفاذ کرسکے گا۔ بتایا گیا ہے کہ حکومت نے سیکرٹری داخلہ اور ڈپٹی کمشنر کو دفعہ 144 کے اختیارات دینے کے لئے مسودہ قانون تیار کرلیا ہے جسے پنجاب اسمبلی سے منظور کرایا جائے گا۔

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سیکرٹری لٹریسی حیدر اقبال کے ہمراہ فاضل سکولوں کے بچوں کی بنائی گئی پینٹنگز دیکھ رہے ہیں

راولپنڈی، تاش پر جواء کھیلنے والے 4 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 300 روپے، 2 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 4 قمار بازوں کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 22 ہزار 300 روپے، 2 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی

(بقیہ نمبر 4 8)

راولپنڈی، لیڈی منشیات سمگلر سمیت 4 ملزمان گرفتار

ملزمان میں تعلیمی اداروں میں منشیات سپلائی کرنے والا ملزم بھی شامل

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے لیڈی منشیات سمگلر سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کرکے 6 کلو کے قریب چرس برآمد کرلی، ملزمان میں تعلیمی اداروں میں منشیات سپلائی کرنے والا ملزم بھی شامل ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری

(بقیہ نمبر 4 9)

ویلنٹیا ریڈیز کلب میں مجرکاری مہم میں شریک خواتین کا گروپ فوٹو

ڈرون اور سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کی مدد سے ماحولیاتی نگرانی کا آغاز

ڈرون اور سیٹلائٹ مانیٹرنگ کے ذریعے ماحولیاتی قانون کی خلاف ورزی اور دھوئیں کے اخراج کا سبب بننے والے پوائنٹس پر پرچھاپے شروع

محکمہ ماحولیات کی ٹیم کے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ شیخوپورہ روڈ، جوڑا نوالہ پر چھاپے، ماحولیاتی آلودگی کا سبب بننے والی بھٹی مسمار، دو فیکٹریاں سیل

شہریوں کی شکایات کا ازالہ اولین ترجیح جسے یقینی بنایا جائیگا

ایس ایچ او شہریوں کی دادرسی کیلئے تھانہ جات میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں، ڈپٹی کمشنر ایس پیز

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سید علی عامر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ممبر زون خاور نزیب، ایس ایڈمنسٹریشن ایس ایز زون علی رضا اور ایس پی سواں زون پری کمل ترین نے اپنے زونز میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، نگران اور لیڈیز پولیس افسران نے شرکت کی، اجلاس کے دوران زونل ایس پیز نے کہا

(بقیہ نمبر 5 2)

انتقال پر ملال



انتہائی دکھ اور افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ سینئر جنرل منیجر (کمپریشن) قیصر مسعود انتقال کر گئے ہیں۔ انہوں نے سوئی ناردرن میں سینئر جنرل منیجر ڈسٹریبیوشن اور جنرل منیجر لاہور ایریا کے طور پر خدمات سرانجام دیں۔

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز، ممبران بورڈ، انتظامیہ اور ملازمین ان کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

جاری کردہ:
میڈیا افیئرز ڈیپارٹمنٹ
سوئی ناردرن گیس

یوم خواندگی کے موقع پر لٹریسی ڈیپارٹمنٹ پنجاب اور نیشنل ٹیلی لنک کے حوالے سے ایم او یو سائن کیا جارہا ہے

پی ایم ڈی سی ورکریوٹین کا نجکاری کے خلاف احتجاجی جلسہ

دنیا کی کوئی طاقت بھی ہمیں ہمارے حقوق سے محروم نہیں کرسکتی، مظہر اقبال کھرل

یونین کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ ہوا مظاہرہ میں گیجوڈ و ڈھچہ کالباغ اور مانسہرہ اور پیڈ اٹس اسلام آباد یونین کے نمائندوں ورکرز مانسز کیونٹی سیسٹ تمام

(بقیہ نمبر 3 6)

اہل حدیث ویلفیئر چوآ سیدن شاہ میں کارنرمیٹنگ کا انعقاد

اپنے بھائیوں کے ساتھ خوشی اور خوشی میں کھڑے ہوں گے، ملک شہزاد الٰہی

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزاد ے) اہل حدیث ویلفیئر چوآ سیدن شاہ میں ملک آفتاب کی رہائش گاہ پر کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا چوآ سیدن شاہ شاہ صدر خرم شہزاد ے کمال، ہنزل سکھ دیو ویلفیئر کو مرہا اہل حدیث ویلفیئر کے عہدیداروں کے نام ملک شہزاد الٰہی نے بتائے جس میں صدر ڈاکٹر ضیاء الرحمٰن سرپرست اعلیٰ ساجد گوگھر مالی ملک اشتیاق، وزیر محمد الی ملک آفتاب احمد ناب رفیع کیانی، عباس

(بقیہ نمبر 3 7)

وزیر اعظم شہباز شریف بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ماحولیاتی نگرانی کے پہلے سیٹلائٹ سے جڑے نظام نے کام شروع

ماحولیاتی قانون کی خلاف ورزی، دھوئیں کے اخراج پر چھاپوں کا آغاز

محکمہ ماحولیات نے ڈرون ٹیکنالوجی کی مدد سے 2 فیکٹریاں بند کرادیں

زہریلی لاکھ زندگیاں چھیننے والی سموگ کے خاتمے میں پنجاب کا ہر شہری مدد کرے

لاہور (این این آئی) جدید ٹیکنالوجی اور ڈرون کے ذریعے دھواں پھیلانے اور ماحولیاتی قانون پر عمل نہ کرنے والی فیکٹریوں کا سراغ لگایا گیا۔ شیخوپورہ روڈ جوڑا نوالہ پر دو فیکٹریوں پر محکمہ ماحولیات کا خلاف انتظامیہ کے ہمراہ چھاپہ، بھٹی گرا کر فیکٹریاں سیل کر دی

(بقیہ نمبر 3 8)

پولیو سے بچاؤ کے لئے 2 قطرے لازمی پلائیں

اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ کی زیر صدارت تحصیل پولیو ایکریڈیشن کمیٹی کا اجلاس

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزادے) اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ کی زیر صدارت تحصیل پولیو ایکریڈیشن کمیٹی کا اجلاس تحصیل پولیو ایکریڈیشن کمیٹی کا اجلاس زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر حامد بھٹی میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چوآ سیدن شاہ ڈاکٹر احسن ارشد اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پیتھالوجسٹ تحصیل چوآ سیدن شاہ عضو محمود اور دیگر یونین کونسلوں کے نمائندگان آفیسروں نے شرکت کی محکمہ صحت کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر

(بقیہ نمبر 3 9)

اسلام آباد، پی ٹی آئی کے جلسے کے باعث راستے بند ہونے کی وجہ سے ایمبولینس پانی وڈے میں رواں ہے

رحیم یار خان، موٹروے ایم فائیو پر مسافر بس میں آتشزدگی

بس جل کر خاکستر، آگ پر قابو پالیا گیا، بس میں 40 مسافر سوار تھے، مسافر محفوظ رہے، ریسکیو حکام

رحیم یار خان (اے ایف پی) رحیم یار خان موٹر وے ایم فائیو پر مسافر بس میں آگ بھڑک اٹھی، مسافر محفوظ رہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اقبال آباد انٹرچینج کے کچھ ہی فاصلے پر شان نوٹل پلازہ کے قریب اٹک کوچ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی بس کے عملے نے فوری طور پر موٹر وے ایم فائیو پر مسافر بس میں آگ بھڑک اٹھی، مسافر محفوظ رہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اقبال آباد انٹرچینج کے کچھ ہی فاصلے پر شان نوٹل پلازہ کے قریب اٹک کوچ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی بس کے عملے نے موٹر وے ایم فائیو پر مسافر بس میں آگ بھڑک اٹھی، مسافر محفوظ رہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اقبال آباد انٹرچینج کے کچھ ہی فاصلے پر شان نوٹل پلازہ کے قریب اٹک کوچ میں اچانک آگ

(بقیہ نمبر 4 0)

دارالعلوم سراجیہ نیمکی کا ناظم نصیر رضا لدیب کیمپ 3 دیں سالانہ میلاد مصطفیٰ کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

بغیر لائسنس 171 ڈرائیوروں کے خلاف کارروائی

پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ و لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت کے مطابق پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی کی کہا کہ 12 روز کے دوران 312 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں 2568 پبلک سروس گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی، روٹ پرمٹ و لائسنس کی خلاف ورزی پر 27 لاکھ 39 ہزار روپے کے جرمانے کئے گئے، بغیر لائسنس گاڑی چلانے والے 171 ڈرائیوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی، خطرناک کے مرتکب 21 ڈرائیوروں کے لائسنس منسوخ کیے

(بقیہ نمبر 4 1)

اسلام آباد، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم کی کارروائی

موبائل فون اور نقدی چھیننے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیم نے اسلحی کی نوک پر شہریوں سے موبائل فون اور نقدی چھیننے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو اکان گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے چھتی موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ اسٹیشن بیرآمد، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج ہیں، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیشن انچارج آف پولیس اسلام آباد سید علی

(بقیہ نمبر 4 2)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035